میں نے اپنے مقالے کو تین ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے باب کو تین فصول میں تقسیم کیا گیا ہے۔ فصل اوّل میں معاشیات کا لغوی و اصطلاحی مفہوم بیان کیا گیا ہے۔ فصل دوم میں معاشیات کا آغاز و ارتقاء بیان کیا گیا ہے۔ فصل سوم میں اسلامی معاشیات کا تصور بیان کیا گیا ہے۔ باب دوم میں اسلامی معاشیات پر عمومی کُتب کا تجزیاتی مطالعہ بیان کیا گیا ہے ان کُتب میں ہر ایک کے مصنف کا تعارف اور کتاب کا تجزیہ کیا گیا ہے اس باب میں سات کُتب پر تجزیہ کیا گیا ہے۔ جن میں (۱) محاضراتِ معیشت و تجارت (۲) علم معاشیات اور اسلامی معاشیات (۳) اقتصادیات اسلام (تشکیل جدید) (۴) اسلام کا معاشی نظام (۵) اسلامی معاشیات (۶) اسلام کا اقتصادی نظام (۷) معیشت و تجارت کے اسلامی احکام جیسی کُتب شامل ہیں۔

باب سوم میں اسلامی معاشیات پر مخصوص کُتب کا تجزیاتی مطالعہ بیان کیا گیا ہے ان کُتب میں بھی ہر ایک کے مصنف کا تعارف اور کتاب کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ اس باب میں بھی سات کُتب شامل ہیں جن میں (۱) مالیات کا اسلامی نظام (۲) دورِ حاضر کے مالی معاملات کا شرعی حکم (۳) اسلامی تجارت (۴) حلال و حرام کاروبار شریعت کی روشنی میں (۵) اسلام میں